राजकुमार

راجکمار

اداکاران

سادھنا۔ شمی کپور

پران

قیمت چھ نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے

گنا نمبر ا

راجکمار فلم کے

جانے والے ذرا ہوشیار
یہاں کے ہم ہیں راجکمار
آگے پیچھے ہماری سرکار
یہاں کے ہم ہیں راجکمار

امریکی انداز بھی سیکھے
ہم یورپ کے ناچ بھی سیکھے
ہم سے جو بازی لے کر جائے
ہے کوئی ایسا سامنے آئے
ساری دنیا اپنی جیکار
یہاں کے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

ہم سے محبت ہم سے جوانی
رنگ بھری ہے اپنی کہانی
سینے میں لے کر ارماں بھرا دل
ڈھونڈ رہے ہیں پیار کی منزل
میرے سینے ہیں وہ بے قرار
یہاں کے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

درد سا اپنے دل میں جو پایا

جان گئے ہم کس نے بلایا
اُن سے ہی ملنے جھوم کے نکلے
ٹھاٹ سے نکلے دھوم سے نکلے
اُن کو بھی ہے ہمارا انتظار
یہاں سے ......

گانا نمبر۲ آجا آئی بہار
دل ہے بے قرار
او میرے راجکمار
تیرے بنا رہا نہ جائے
جھونکوں سے جب بھی چلے پروائی
تن میرا ٹوٹے آئے انگڑائی
دل کو بار بار تیرا انتظار
آجا آئی بہار
من میں سنوں میں تیری مُرلیا
ناچوں میں چھم چھم باجے پائلیا
دِل کا تار تار تیری کرے پکار
آجا آئی بہار
جل کی مچھریا جل میں ہے پیاسی
خوشیوں کے دن ہیں پھر بھی اُداسی
لے کر میرا پیار آجا اب کی بار
آجا آئی بہار

گانا نمبر ۳:۔ ناچ رے من بدکمّا
ٹھمک ٹھمک بدکمّا

میں بھی ناچوں تو بھی ناچے ۔ ہر کوئی ناچے بدکمّا
پائل میری بولے
لاج کے گھونگھٹ کھولے
جو دیکھے رہ جائے ۔ دل کی دنیا ڈولے
ناچ رے . . . .

موسم ہے متوالا ۔ نیند اڑانے والا
تن من رنگتا جائے ۔ اک اک رنگ نرالا
ناچ رے . . . .

دل لُٹ جانا چاہے ۔ ہٹ ہٹ جانا چاہے
آج کسی کے دل سے ۔ دل ٹکرانا چاہے
ناچ رے . . . .

گانا نمبر ۴:۔ اس رنگ بدلتی دنیا میں ۔ انسان کی نیت ٹھیک نہیں
نکلا نہ کرو تم سج دھج کر ۔ ایمان کی نیت ٹھیک نہیں
یہ دل ہے بڑا ہی دیوانہ ۔ چھیڑا نہ کرو اس پاگل کو
تم سے نہ شرارت کر بیٹھے ۔ نادان کی نیت ٹھیک نہیں
اس رنگ بدلتی . . . .

کاندھے سے دوپٹہ نو سر اپنا ۔ یہ پیار محبت رہنے دو
کشتی کو سنبھالو موجوں سے ۔ طوفان کی نیت ٹھیک نہیں
اس رنگ بدلتی ——

میں کیسے خدا حافظ کہہ دوں۔ مجھ کو تو کسی کا یقین نہیں
چھپ جاؤ ہماری آنکھوں میں۔ بھگوان کی نیت ٹھیک نہیں
اس بدلتی دُنیا . . . .

گانا نمبر ۵: تم نے کسی کی جان کو جاتے ہوئے دیکھا ہے
وہ دیکھو مجھ سے روٹھ کر میری جان جا رہی ہے
کیا جانے کس تصور کی دی ہے مجھے سزائیں
دیوانہ کر رہی ہیں توبہ شکن ادائیں
زلفوں میں منہ چھپا کر مجھ کو لبھا رہی ہے
وہ دیکھو مجھ سے....
گھبرا رہی ہے خود بھی بے چین ہو رہی ہے
اپنے ہی خونِ دل میں۔ دامن ڈبو رہی ہے
بے جان رہ گئے ہم - وہ مسکرا رہی ہے
وہ دیکھو....
مستی بھری گھٹاؤ اب جا کے روک لو تم
تم کو میری قسم ہے سمجھا کے روک لو تم
اسکی جدائی دل پر نشتر چلا رہی ہے
وہ دیکھو....

گانا نمبر ۶ لڑکی: دل رُبا دل پہ تو یہ ستم کئے جا
لڑکا: ہم بھی تو آگ میں جلتے رہے
پیار کے شعلوں پہ چلتے رہے
دل رُبا....

لڑکی:۔ ہم بھی تو آگ میں جلتے ہیں
پیار کے شعلوں پہ چلتے ہیں
لڑکا:۔ کیا بتاؤں کیا دِل کا حال ہے
جس گھڑی سے ملے ہم ۔ جیسے سینکڑوں بجلیاں گریں
اور جل اُٹھے ہم
لڑکی:۔ ہائے کیوں مجھے خاک کرنے پہ تلے ہو ظالم
آخر کیا بگاڑا ہے میں نے تمہارا
لڑکا:۔ دِلرُبا......
لڑکی:۔ انگ انگ میں میٹھا درد ہے
سمٹ پایا ہے میرا دِل
اِک ذرہ میں ہی قتل کر دے
تو مجھ کو میرے قاتل
لڑکا:۔ ہائے دِل کی گہرائیوں کو چیرتا ہوا یہ درد
یہ کسک ۔ یہ چبھن
لڑکی:۔ آج دِل کے تم اتنے پاس ہو جیسے میری دھڑکن
لڑکا:۔ ایک آج سے اپنے جسم و جاں
ایک اپنے تن من
لڑکی:۔ آج ایک ساتھ مہکے ہیں دو گلاب
لڑکا:۔ ایک دوڑ میں گھتے ہیں دو موتی
ایک ساتھ دھڑکے ہیں دو دِل
لڑکی:۔ دِل رُبا...

گانا مرے لڑکا:۔ تم نے پکارا اور ہم چلے آئے
جان ہتھیلی پر لے آئے رے
آؤ بیٹھو ہمارے پہلو میں پناہ لے لو
میری جلتی ہوئی آنکھوں پہ یہ آنکھیں رکھ دو
اے میری پیار کے خوابوں کی حسیں شہزادی
ہونٹ کیوں کانپ رہے ہیں ذرا کچھ تو بولو
تم نے پکارا ـــ

لڑکی:۔ تم نے پکارا اور ہم چلے آئے
جان ہتھیلی پر لے آئے رے
آج کھیلو میری زلفوں سے اجازت ہے تمہیں
مجھکو چھو لو میری نس نس میں شرارے بھر دو
میرے دلدار میری آنکھوں میں رہنے والے
میں تمہاری ہوں میری مانگ میں تارے بھر دو
تم نے پکارا . . .

لڑکا:۔ نام روشن ہے تم ہی سے میرے افسانے کا
زندگی نام ہے الفت میں جئے جانے کا
تم اگر ہم کو نہ ملتے تو یہ صورت ہوتی
لوگ لے جاتے جنازہ تیرے دیوانے کا
تم نے پکارا ـــ

ختم شد

فلم میں بھرتی ہونے سے پیشتر اپنے آپکو ایک ایکٹر نا لیبا ضروری ہے

فلم ایکٹنگ گائڈ کا مطالعہ کیجئے

اس کتاب میں ایکٹر بننے کے طریقے درج کئے گئے ہیں۔ ایکٹنگ کیا ہے اور کیسے کیا جاتا ہے۔ ایکٹر بننے اور بھرتی ہونے کیلئے کیا کیا ہونا ضروری ہے۔ تمام باتیں آسان اردو زبان میں لکھی گئی ہیں۔ آخر میں تمام مشہور فلم کمپنیوں کے پتے ایکٹروں اور ایکٹرسوں کے حالات۔ نیز پورا ایڈریس بھی درج کر دیئے گئے ہیں۔ تا کہ ہر شخص کو ان سے خط و کتابت کرنے میں آسانی ہو۔

قیمت صرف ۔/۱/۲ محصولڈاک معاف

اندر جال کلاں عرف اُستاد جادوگراں

یہ جادو کی وہ مشہور کتاب ہے۔ جس کے لئے اردو دان اصحاب ایک مدت سے ملتمس تھے۔ ہم نے زر کثیر خرچ کرکے اسے شائع کرایا ہے۔

قیمت صرف ۔/۱/3 محصولڈاک معاف

نتن اینڈ کو پبلشرز دریبہ کلاں دہلی